# 21-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔امریکہ کے ایک معروف ایوی ایشن کمپنی سرگڈ نے آئندہ پانچ برسوں میں ریاست میں ایک ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کرنے کا معاہدہ کیا۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ سابقہ بی آر ایس کے دورحکومت میں سنگارینی ادارہ کو مسائل میں ڈھکیل دیا گیا ہے۔

۳۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکراما کہ نے کہا کہ تلنگانہ کو عالمی سطح کی مسابقت کو لے جانے کی دوراندیشی کانگریس پارٹی کو ہی حاصل ہے۔

اور

۴۔ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کسانوں سے کہا کہ وہ آئیل پام کی کاشتکاری پر توجہ دیں۔

## FIR From Home

بعض مواقعوں پر متاثرہ افراد کے گھروں کو جاکر ایف آئی آر درج کرنے کے طریقہ کار کا تلنگانہ پولیس نے آغاز کیا۔اس سے متعلق پالیسیوں کو ریاست بھر کے تمام پولیس اسٹیشنوں اور اسٹیشن ہاؤس آفیسرس کو عمل کرنے کی سی آئی ڈی چیف چرو سنہا نے ہدایت دی۔لڑکیوں،خواتین اور تعلیم حاصل کرنے کے لئے اسکول اور دفاتر جانے کے موقع پر بعض افراد کی جانب سے کئی ایک مسائل کا سامنا کرنے کے حالات پیش آتے ہیں۔اس ضمن میں ان کی حفاظت کے اقدامات کے تحت محکمہ پولیس نے اس طریقہ کار کو متعارف کروایا۔اس ضمن میں متاثرہ افراد کی حفاظت اوران کے حقوق کے تحفظ کیلئے پولیس کے خدمات کے مقصد کے تحت اِس پالیسی کو عمل کرنے کا سی آئی ڈی نے اعلان کیا۔

Jagtial - Bhatti

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے آج جگتیال ضلع کے دھرما پوری میں 263 کروڑ 40 لاکھ روپیوں کی لاگت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اِس موقع پر ریاستی وزرأ اڈلوری لکشمن اور ٹی ناگیشور راؤ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تلنگانہ کو عالمی سطح سے مسابقت کو لے جانے کی طاقت کانگریس پارٹی کو ہی حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت نے زراعت کو نظر انداز کر دیا گیا اور زراعت کو مشکل بنایا گیا تھا لیکن کانگریس حکومت زراعت کو ترقی دے رہی ہے۔ رعیّتو بھروسہ، فصل بیمہ اور زرعی آلات کی تقسیم، ڈریپ کی پیداوار، کسانوں کے قرضہ جات کی معافی اور باریک چاول کی پیداوار پر فی کنٹل پانچ سو روپے بونس کی فراہمی اور دیگر اسکیمات کو عمل میں لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں ینگ انڈیا انٹیگریٹیڈ ریسیڈنشل اسکولوں کو بین الاقوامی سہولتوں کے ساتھ تعمیر کیا جا رہا ہے۔

Sound Byte Bhatti Vikramarka

نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خواتین با اختیار بنانے کیلئے مقصد کے تحت خواتین گروپوں کو بلا سودی قرض تقسیم کیا گیا ہے۔

Ponnam - GHMC

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آج جی ایچ ایم سی کے دفتر میں عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ جی ایچ ایم سی کی میعاد آنے والے ماہ کی 10 تاریخ کو ختم ہو رہی ہے۔ اس کے بعد ذمہ داری عہدیداروں پر عائد ہوگی۔ انہوں نے جی ایچ ایم سی کے میعاد کے اختتام کے بعد عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی کاموں کو ایک ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے کمشنرس سے کہا کہ وہ ایک بہترین پالیسی کے ذریعہ عہدیداروں سے کام لیں۔

Kadiyam Srihari

اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے آج رکن پارلیمنٹ کڈیم کاویا کے ساتھ اسٹیشن گھن پور اسمبلی حلقہ میں مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر کڈیم سری ہری نے کہا کہ کانگریس حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور ریاست کی ترقی کیلئے کام کر رہی ہے۔

Yard - Jagtial - Tummala

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ حکومت کسانوں کو ان کے ضروریات کے مطابق زرعی آلات سبسیڈی پر فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسان آئیل پام کی کاشتکاری پر توجہ دے رہے ہیں۔

Sound Byte Tummala

Kavita - Municipal Election

تلنگانہ جاگروتی کی صدر کویتا نے کہا کہ بہت جلد منعقد ہونے والے میونسپل انتخابات میں مقابلہ نہیں کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کے انتخابات میں بی سی، ایس سی، ایس ٹی، مینا ریٹی اور نوجوانوں، خواتین کوئی بھی مطالبہ کرنے پر ان کی حمایت کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضرورت پڑنے پر بعض مقامات پر ان کے علاوہ جاگروتی کے قائدین بھی انتخابی مہم چلائیں گے۔

Srisailam Dam Repair

سری سیلم پروجیکٹ کے مرمت کیلئے مرکز کی جلا سنگم نے ایک تکنیکی ماہرین کے گروپ کو تشکیل دینے کا فیصلہ لیا۔ اس ضمن میں سی ڈبلیو سی سنٹرل سوائل اینڈ میٹریئل ریسرچ اسٹیشن سنٹرل واٹر اینڈ پاور ریسرچ اسٹیشن کے اداروں سے تعلق رکھنے والے عہدیداروں کے سمیت دونوں تلگو ریاستوں کے انجینئرس کرشنا بورڈ سے ڈائرکٹر کی سطح کے آفیسر جس میں ارکان کے طور پر رہیں گے۔ اس ضمن میں سی ڈبلیو سی نے دونوں ریاستوں کو ایک مکتوب بھی لکھا ہے۔

Handicap Suryapet

سوریہ پیٹ فزیکل ہینڈی کیپ فلاح و بہبود کے آفیسر کے نرسمہا راؤ نے کہا کہ سوریہ پیٹ ضلع میں مستحق جسمانی معذور افراد کیلئے آلات کی منظوری کیلئے ریاستی حکومت کی جانب سے درخواستیں طلب کی جارہی ہیں۔انہوں نے مستحق جسمانی معذور افراد سے کہا کہ وہ اس مہینہ کی 30 تاریخ تک متعلقہ عہدیداروں کے پاس اپنی درخواست پیش کریں۔

Animal Census Medak

میدک ضلع کے برگو پلی جنگلاتی علاقہ میں سائنسی طریقہ کار کے ذریعہ انجام دی جانے والی جانوروں کی مردم شماری کا اڈیشنل کلکٹر ناگیش نے ضلع کے فاریسٹ آفیسر جوجی کے ساتھ مل کر اس کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ تین دنوں تک گوشت خور جانوروں کی مردم شماری ہوگی اوراس کے بعد مزید تین دن دیگر جانوروں کی مردم شماری ہوگی۔محکمہ جنگلات کے آفیسر نے کہا کہ میدک ضلع کے 6رینجوں کے 98 بیٹس میں گوشت خور جانوروں کی مردم شماری جاری ہے۔

Handicap Kamareddy

کاماریڈی ضلع ویلفیر آفیسر پرملا نے کہا کہ حکومت جسمانی معذور افراد کی فلاح و بہبود اور ترقی پر توجہ دیتے ہوئے ان کی زندگی میں روشنی لانے کے لئے خصوصی اقدامات کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں جسمانی معذور افراد کو آلات کی فراہمی کیلئے درخواستیں طلب کی جارہی ہیں۔ضلع کے مستحق معذور افراد کو اس مہینہ کی 30 تاریخ کے اندر تک تمام دستاویزات کے ساتھ www.tgobmms.cgg.gov.in میں درخواست داخل کرنے کی ہدایت دی۔

PM-PRAGATI SPECIAL STORY

وزیراعظم کا فلیگ شپ پلیٹ فارم پرو ایکٹو گورننس اینڈ ٹائم لی امپلیمنٹیشن اپنی 50 ویں کامیاب میٹنگ کے انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل تک پہنچ گیا ہے۔ سال 2015 میں وزیراعظم نریندر مودی کے آغاز کردہ اس پلیٹ فارم نے حقیقی وقت میں نگرانی اور براہِ راست وزیراعظم کے جائزہ کے ذریعہ بڑے انفراسٹرکچر منصوبوں اور عوامی شکایات کے حل میں انقلابی تبدیلی پیدا کی ہے۔

PRAGATI کو آپریٹو فیڈرلزم کی ایک مثال ہے، جو مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک واحد ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر اکٹھا کرتا ہے۔ گزشتہ ایک دہائی کے دوران، PRAGATI نے فیصلہ سازی کو تیز کیا، اہم انفراسٹرکچر منصوبوں میں تاخیر کا سبب بننے والے مسائل کے حل میں مدد دی اور جوابدہی کی مضبوط ثقافت کو فروغ دیا ہے۔ آج اس خصوصی سلسلے میں ہم آندھرا پردیش میں ایمس منگلگیری منصوبے پر نظر ڈال رہے ہیں۔

ایمس منگلگیری ایک 960 بستروں پر مشتمل اعلیٰ درجے کا طبی مرکز ہے، جو 183.11 ایکڑ رقبے پر 1618.23 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔ اس میں ایک میڈیکل کالج بھی شامل ہے، جہاں ہر سال 125 ایم بی بی ایس طلبہ کا داخلہ ہوتا ہے، جبکہ تعلیمی، تحقیقی اور رہائشی سہولیات کا مکمل انفراسٹرکچر بھی فراہم کیا گیا ہے۔ ادارے نے 2018 میں گورنمنٹ سدھارتھا میڈیکل کالج، وجئے واڑہ کے عارضی کیمپس سے کام کا آغاز کیا۔ مستقل کیمپس میں او پی ڈی خدمات مارچ 2019 میں شروع کی گئیں۔ منصوبے کے نفاذ کے دوران ایمس منگلگیری کو کئی اہم انفراسٹرکچر چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک نہایت اہم مرحلے پر، 25 اپریل 2018 کو وزیراعظم نے PRAGATI میکانزم کے تحت اس منصوبے کا جائزہ لیا اور آندھرا پردیش حکومت اور متعلقہ مرکزی وزارتوں کو واضح احکامات جاری کیے۔ وزیراعظم نے تعمیراتی سرگرمیوں میں رکاوٹ بننے والی تمام مشکلات کو دور کرنے، کیمپس کی منظّم اور تیز رفتار ترقی کے لیے ایک جامع ماسٹر پلان تیار کرنے کی ہدایت دی۔ یہ منصوبہ 31 جنوری 2023 کو کمیشن کیا گیا اور 25 فروری 2024 کو وزیراعظم نے باضابطہ طور پر اس کا افتتاح کیا۔ آج ایمس منگلگیری جدید طبی خدمات فراہم کر رہا ہے، جن میں ریڈیو ڈائگنوسس، نیوکلیئر میڈیسن اور کینسر کی دیکھ بھال شامل ہیں۔

Davoss: Sargad Aviation Company

امریکہ کے معروف ایوی ایشن کمپنی سرگڈ نے آئندہ پانچ برسوں میں ریاست میں مرحلہ وارطور پر ایک ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ داووس میں منعقدہ عالمی اقتصادی فورم کے اجلاس کے دوران سرگڈ کمپنی کے بانی اورسی ای اوسری نواس تھوٹا نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔اس سلسلے میں سرگڈ نے ریاستی حکومت کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ معاہدے کے تحت سرگڈ کمپنی ریاست میں مینٹیننس اینڈ ریپیئر یونٹ قائم کرے گی۔سرگڈ کمپنی کوایرو اسپیس، دفاع، آٹوموبائل اورایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں وسیع تجربہ حاصل ہے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت ورنگل اورعادل آباد میں دو نئے ہوائی اڈے قائم کررہی ہے اور انہوں نے کمپنی کے سی ای اوکومشورہ دیا کہ ان میں سے کسی ایک مقام پر سرگڈ اپنا مینٹیننس اینڈ ریپیئر یونٹ قائم کرنے کے امکانات کا جائزہ لے۔

Davos: Blaze, L'Oréal

کیلیفورنیا کی مشہور سیمی کنڈکٹر کے کمپنی بلیز کے ساتھ تلنگانہ حکومت نے ایک اہم مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔بلیز کمپنی مصنوعی کمپیوٹنگ کے لیے کم توانائی استعمال کرنے والا اے آئی ہارڈ ویئر اور فل اسٹیک سافٹ ویئر تیار کرتی ہے۔اس معاہدے کے نتیجے میں تلنگانہ میں الیکٹرانکس، سیمی کنڈکٹر اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں جاری اقدامات کومزید رفتار ملنے کی توقع ہے۔دوسری جانب، عالمی سطح کی معروف بیوٹی مصنوعات کی کمپنی لوریال نے اپنے گلوبل ٹیکنالوجی ہب کے لیے حیدرآباد کا انتخاب کیا ہے۔کمپنی نے اعلان کیا ہے کہ وہ دنیا کا پہلا بیوٹی-ٹیک گلوبل کیپبلٹی سینٹر حیدرآباد میں قائم کرے گی۔ داووس میں منعقدہ ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے لوریال کے سی ای اونے ملاقات کی۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ سابقہ بی آر ایس کے دور حکومت میں سنگارینی ادارہ کو مسائل میں ڈھکیل دیا گیا ہے۔انہوں نے دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس کے دس سالہ عرصہ میں سنگارینی نے سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کے خاندان نے ہی اپنی اجارہ داری چلائی ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ کانگریس حکومت بھی بی آر ایس کے دور میں اختیار کئے گئے پالیسی کو ہی اپنا رہی ہے۔

○○